# الشِّهابُ الثّاقِب
## علی المُسترقِ الکاذِب

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہ

معہ

## غایۃ المامول فی تتمۃ منہج الوصول فی تحقیق علم الرسول

الشیخ علامہ سید احمد آفندی برزنجیؒ مفتی مدینہ منورہ (زادھا اللہ شرفاً وتعظیماً)

## ترغیم حزب الشیطان بتصویب حفظ الایمان

مولانا ابو الرضا محمد عطاء اللہ صاحب قاسمی بہاریؒ

ترتیب و تقدیم

حضرت مولانا قاری عبد الرشیدؒ
سابق استاذِ حدیث و تفسیر جامعہ مدنیہ لاہور

دار الکتاب
کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ
اردو بازار، لاہور 7235094

نام کتاب ۱ : الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب: معہ

〃 〃 ۲ : غایۃ المأمول فی تتمۃ منہج الوصول فی تحقیق علم الرسول : و

〃 〃 ۳ : ترغیم حزب الشیطان بتصویب حفظ الایمان :

مصنف ۱ : شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہ

〃 〃 ۲ : الشیخ علامہ سید احمد آفندی برزنجیؒ مفتی مدینہ منورہ (زادھا اللہ شرفاً وتعظیماً)

〃 〃 ۳ : مولانا ابوالرضا محمد عطاء اللہ صاحب قاسمی بہاریؒ

طبع اول : بصورت مجموعہ (ستمبر 1979ء) (انجمن ارشاد المسلمین)

طبع ثانی : بصورت مجموعہ (مئی 2004ء)

ناشر : دارالکتاب، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

طابع : حاجی حنیف اینڈ سنز

قیمت : 200 روپے

باہتمام

حافظ محمد ندیم

لیگل ایڈوائزر

مہر عطاء الرحمٰن ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

0300-4356144, 042-7241945

# رجوم المذنبین علی رؤس الشیاطین

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسول خاتم النبیین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

امابعد: جملہ اہل اسلام ہند کی خدمت میں عرض ہے کہ جناب مولوی احمد رضاخان صاحب مجدد التکفیر بریلوی کی شان میں جو الفاظ علماء حرمین شریفین نے قبل از واقفیت دوچار روز کی ملاقات میں کہے تھے اور حسب اخلاق کریمانہ ان کی چند مدائح اپنی اپنی تقاریظ میں تحریر کی تھیں یا اشارۃً وکنایۃً خطبوں میں انکو یا انکے جعلی مخالفوں کو کچھ لکھا تھا ان کو مفصل مجموعہ تمہید میں کرکے عوام کو دکھلایا گیا کہ مجدد تضلیل اہل حرمین کے نزدیک اس اعلیٰ درجہ کے بزرگان دین میں سے ہیں اور نہایت لاف وگزاف ان کی تعریف میں مارے گئے تاکہ تحصیل لقمہ چرب او شہرت بین الناس کو قوت ہو جو مقصود ذاتی ہے، مگر جو کچھ وقائع وہاں پر اس کے خلاف یا انکی شان کی اہانت کے ہوئے تھے ان کو بالکل پوشیدہ رکھا گیا۔ اس لئے ہم نے مناسب جانا کہ اپنے رسالہ الشہاب الثاقب کے ابتداء میں چند اوراق ایسے بھی لاحق کردیں جن سے اعلیٰ حضرت مجدد التضلیل کی اس حالت کا اندازہ ہر فرد بشر کو معلوم ہوجائے جو کہ علماء مدینہ منورہ کے نزدیک انکی ہے اور وہ مقدار کمال ان کی ہر شخص پر ہویدا ہو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواص اور مقدس علماء مدینہ طیبہ پر ظاہر ہوئی اور یہ اوراق بمنزلہ طوق گردن مجدد صاحب ہو جاویں اور عوام وخواص پر انکا دھوکہ دینا ظاہر ہوجاوے۔ میں نے اس رسالہ الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب میں نقل کر دیا ہے کہ جناب مجدد التکفیر صاحب سے جب اخیر ملاقات مولانا السید احمد برزنجی مفتی الشافعیہ دامت برکاتہم کی ہوئی اور وہاں مجدد صاحب نے اپنے رسالہ علم غیب کو پیش کیا اور اس پر تقریظ وتصدیق چاہی چونکہ مفتی صاحب موافق اہل حق تھے اس لئے انھوں نے اس مسئلہ میں مخالفت کی اور مجدد بریلوی کے دلائل کا رد کیا اور دیر تک گفتگو رہی اس مجلس میں اور بھی علماء شریک تھے اس بحث وگفتگو میں ان حضرات پر بریلوی صاحب کی پوری قلعی کھل گئی اور ان کی علمیت وعقائد کا حال ان پر صاف صاف ہویدا ہوگیا چنانچہ مفتی صاحب دام فضلہ نے حسام الحرمین پر جو تقریظ

ولم يقل بحصولها الغيرہ تعالیٰ احدٌ من ائمة الدين فلم يرجع عن ذٰلك واصرّ وعاندَ.

یعنی اور نہ کہا ان معلومات غیر متناہیہ کے حاصل ہونیکو غیر خدا تعالیٰ کے لئے کسی نے بھی دین کے اماموں میں سے پس رجوع نہ کیا احمد رضا نے اس سے اور اصرار کیا اور عناد کیا۔

اس عبارت سے صاف ظاہر ہو گیا کہ علماء مدینہ منورہ کے نزدیک دجال بریلوی تمام علماء دین و ائمہ شرع متین کا مخالف ہے اور باوجود اس کے حق کو قبول نہیں کرتا اور اپنے خیال باطل پر اصرار کرتا ہے اور معاندین حق میں سے ہے۔ حضرات ذرا غور فرماویں کہ یہ الفاظ مجدد بریلوی کی کس شان اور کس مرتبت پر دلالت کرتے ہیں۔ اسی صفحہ سطر ۲ میں فرماتے ہیں۔

ولما كان زعم هذا غلطاً وجرئة على تفسير كتاب الله بغير دليل احببت الآن ان اجمع كلاماً مختصراً۔

یعنی اور جبکہ اس شخص کا قول یا گمان غلط تھا اور جرأت تھی کتاب اللہ کی تفسیر پر بلا دلیل تو دوست رکھا میں نے اس کو کہ جمع کروں ایک مختصر کلام کو۔

اس سے ظاہر ہو گیا کہ مجدد بریلوی کی تحریرات وعقائد از قبیل گمان ہیں اور وہ بھی بالکل غلط اور مع اس کے یہ شخص کتاب اللہ یعنی قرآن کی تفسیر پر جری ہے بلا دلیل تفسیر کرنے کو تیار ہو جاتا ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من فسر القرآن برائه فقد كفر یعنی جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے کی تو کافر ہو گیا۔ دوسری روایت ہے کہ فليتبوء مقعده من النار یعنی چاہیے کہ ٹھکانہ بنا لیوے اپنا دوزخ میں۔ مگر دجال بریلوی کو اس کی کیا پروا۔

اسی صفحہ سطر ۳ میں فرماتے ہیں فيه بطلان استدلاله على مدعاه یعنی ہمارے رسالہ میں بیان ہے اس بریلوی کے استدلال کے بطلان کا جو کہ اس نے اپنے دعوی کے لئے قائم کیا ہے اس سے ظاہر ہو گیا کہ اس دجال کے استدلال ان کے نزدیک باطل ہیں اور یہ اہل بطلان میں سے ہے۔ اسی صفحہ سطر ۴ میں فرماتے ہیں مبيناً نقضها وعدم صحتها من وجوه عديدة یعنی بیان کرنے والا ہوں میں اس رسالہ میں اس کی دلیلوں کے ٹوٹنے کو اور ان کے نہ صحیح ہونے کو بہت سی وجوہ سے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اہل مدینہ کے نزدیک مجدد بریلوی کے دلائل منقوض اور غیر صحیح ہیں۔
صفحہ ۵ سطر ۹ میں فرماتے ہیں وبما تقرر اتضح لك بلا ريب بطلان ما ادعاه یعنی اور بسبب اس کے کہ ثابت ہوا ظاہر ہو گیا تجھ پر بلا شک باطل ہونا اس کے دعوے کا۔

اسی صفحہ سطر ۱۰ میں فرماتے ہیں وان يهجم على الاية المذكورة یعنی اس نے ہجوم کیا ہے آیۃ مذکورہ پر۔ واضح ہو کہ ہجوم لغت عرب میں اس کو کہتے ہیں کہ بے علم اور بلا سوچے سمجھے آیت قرآنی کی

تفسیر کرنے بیٹھ گئے۔ اور اسی صفحہ سطر ۱۳ میں بعد بیان کرنے اس امر کے کہ مجدد الدجالین کی تفسیر حسب قول امام ماتریدی "تفسیر بالرائے ہے" فرماتے ہیں وانما قلنا انہ مصداق ذلک لانہ قطع بدلالۃ الآیۃ الکریمۃ علی مدعاہ بلا دلیل قطعی بل بضد مادلت علیہ الادلۃ القطعیۃ اور جز اس نیت کہ ہم نے کہا دجال بریلوی مصداق تفسیر بالرائے کا ہے اس لئے اس نے یقین کیا کہ آیت کریمہ اس کے مدعا پر دلالت کرتی ہے بغیر کسی دلیل یقینی کے بلکہ اس کے خلاف پر دلائل قطعیہ دلالت کرتی ہیں، دیکھئے اس جگہ صاف طور سے علماء مدینہ منورہ نے دجال المجددین کو اپنی رائے سے تفسیر کرنے والا اور مستحق دوزخ و نار قرار دیا ہے۔

صفحہ ۱۰ سطر ۱۷ میں فرماتے ہیں۔ فبطل دعوی المذکور فی الدلالۃ القطعیۃ علی مدعاہ یعنی پس باطل ہو گیا دعویٰ مذکور الصدر شخص یعنی احمد رضا خان کا دربارۂ دلالت قطعیہ کے اس کے دعویٰ پر۔

صفحہ ۱۵ سطر ۹ میں فرماتے ہیں وانہ استدل فی ذلک الی الآیۃ السابقۃ والی ماذکرنا من الشبہ الضعیفۃ وقد اجبنا عن جمیع ذلک اور اس نے یعنی احمد رضا خاں نے سند پکڑی اپنے مدعا میں آیت سابقہ سے اور ان ضعیف شبہوں سے کہ ذکر کیا ہم نے ان کو اور ہم نے سب کا جواب دیا اس سے معلوم ہو گیا کہ علماء مدینہ منورہ کے نزدیک دلائل بریلویہ ضعیف شبہے ہیں۔

صفحہ ۱۸ سطر ۱۰ میں فرماتے ہیں۔

قلت الجواب الصحیح من ذلک ان تقسیم العلم الی ماذکرہ فی معنی تقسیمات العلم المذکورۃ فی کتب الفلسفۃ وعلم الکلام المخلوط بہا فہی وان کانت صحیحۃ فی نفسہا لکنہا من التدقیقات الفلسفیۃ التی لا یعتبرہا علماء الشرع وارباب العقول السلیمۃ فی فہم معانی الکتاب والسنۃ لان اعتبارہا یؤدی الی اخراج معانی الکتاب والسنۃ من ظواہرہما الواضحۃ فی مواضع کثیرۃ بلا ضرورۃ

میں کہتا ہوں کہ صحیح جواب اس کا یہ ہے کہ تقسیم کرنا علم کی طرف جن کو بریلوی نے ذکر کیا معنی میں علم کی ان تقسیمات کے جو کہ ذکر کی گئی ہیں کتب فلسفہ اور ان کتب علم کلام میں جو مخلوط ہو گئی ہیں فلسفہ کے ساتھ پس وہ تقسیمات اگرچہ فی نفسہا صحیح بھی ہوں لیکن وہ تدقیقات فلسفیہ میں سے ہیں کہ جن کو علمائے شرع شریف اور اصحاب عقول سلیمہ معانی کتاب اور سنت کے سمجھنے میں اعتبار نہیں کرتے ہیں اس لئے کہ ان کا اعتبار کرنا پہنچاتا ہے کتاب اور سنت کے معانی کو ان کے معانی سے بلا ضرورت خارج کر دینے کی طرف جو کہ واضح ہیں بہت سے موضوعوں میں اور اس

اپنی اپنی تقاریظ میں شرط لگادی ہے تو یہ حرمین کی سیف (تلوار) حقیقت میں اسی کذاب کی گردن کاٹ رہی ہے اور جن لوگوں نے نہیں شرط لگائی ان کا بھی مقصد بایں شرط ہے چنانچہ ان لوگوں نے متعدد مرتبہ ذکر کیا مفتی صاحب اس آخری ملاقات کے بعد نہایت پر غضب و خشمناک ہو گئے تھے اور انہوں نے اسی دن سے ایک رسالہ مرتب فرمانا شروع کیا جس میں تمام بحث اس شب کی ذکر کی جو مجدد صاحب سے پیش آئی تھی اور اس کو اچھی طرح سے واضح کر کے بیان کیا اور ثابت کر دیا کہ مذہب اہل سنت والجماعت کا اس مسئلہ میں وہ نہیں جو مجدد المضلین کا دعویٰ ہے یہ عقیدہ خلاف اہل سنت والجماعت اہل ضلال کا ہے بریلوی صاحب کی مقدار علمی اور اصلی حالت کو اس میں خوب ذکر فرمایا ہے صاحب تمہید شیطانی تو ان الفاظ پر پھولے نہیں سماتے جو بعض لوگوں نے مجدد المضلین کی شان میں اپنے حسن اخلاق کیوجہ سے کہدیئے تھے یا بعض نے محض ناواقفیت اور سادہ لوحی کی بناء پر ذکر کیا تھا، مگر مہربانی فرماکر ان الفاظ کو بھی دیکھیں جن کو مفتی برزنجی صاحب نے اور جملہ علماء مدینہ نے ارشاد فرمایا تھا، وہ رسالہ اسی وقت ہندوستان میں شائع ہونے کے واسطے بھیجا گیا مگر مجدد صاحب کے ہم وطن لوگ مولوی منور علی صاحب سے چھپوانے کے واسطے لے گئے اور بالآخر امروز فردا میں ابتک ڈالے رکھا اب مولوی صاحب موصوف نے اس کو اپنے اہتمام سے چھپوایا ہے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ سیف حرمین نے خود بریلوی صاحب کا گلا کاٹا ہے ان کو اور ان کے متبعین کو ان الفاظ پر دھوکہ نہ کھانا چاہیئے، بریلوی صاحب کی حالت جب اس شب کی گفتگو میں یہ ہوئی اور مفتی صاحب اس طرح ان سے بگڑ گئے اور مسائل میں اختلاف ہوا تو ان کو خوف ہوا کہ مبادا کری کرائی محنت سب غارت ہو جائے کیونکہ اب تو یہاں کے اکابر سے مخالفت شروع ہوئی ہے اور ایک مجلس میں مجھے سکوت کرنا پڑا ہے پس اور لوگ بھی اگر مسئلہ کی وجہ سے مخالف ہو گئے اور علمی گفتگوؤں کی نوبت آئی تو بالکل قلعی کھل جاوے گی اور یہ مہریں اور تصدیقات چھن جاویں گی اس لئے اب فرار اختیار کرنا چاہیئے، چنانچہ یہ جا وہ جا، بہت جلد مدینہ منورہ سے بھاگ آئے اور بمبئی میں آکر یہ مشہور کیا کہ "ہم نے جملہ علمائے حرمین کو ساکت و عاجز کر دیا، بھلا اس دروغگوئی کا کیا ٹھکانا ہے کوئی ان سے پوچھے کہ بعد عشاء کے آپکے مکان پر شیخ عبد القادر طرابلسی شیبی سے کیا گفتگو ہوئی تھی اور کسکو عاجز و ساکت ہونا پڑا تھا، آفندی مامون بری صاحب کے مکان پر جب آپ تصدیق کرانے کے لئے گئے تھے تو کیوں انہوں نے تصدیق نہیں کی اور کیا گفتگو ہوئی جس میں آپ کو نیچا دیکھنا پڑا مفتی برزنجی صاحب سے کیا پیش آیا کہ حسین احمد صاحب نے جب بذریعہ سید احمد صاحب بروانی مناظرہ کی استدعا کی تھی تو کیوں مناظرہ سے فرار کیا تھا اور یہ جان کر

لیکن شریف صاحب نے ان لوگوں کو بہت کی تہدیدات وغیرہ کیں اور وہ لوگ اپنے فعل پر پشیمان ہوئے شیخ عبدالقادر صاحب طرابلسی شیمی کا بیان ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ چند پائخانے بنے ہوئے ہیں اور جو لوگ اس رسالہ پر تصدیق کر رہے ہیں وہ لوگ ان پاگانوں میں جاتے ہیں چنانچہ میں بھی جانیکا قصد کر رہا ہوں، اس خواب کے دیکھنے کیوجہ سے ان کو تنبہ ہوا اور بہت ٹال مٹول مہر کرنے میں کی لیکن جب مفتی شافعی نے زور دیا تو تقریظ دہ لکھی جس کی کیفیت ناظرین پر ظاہر ہے اور اس کی کچھ حالت ہم آگے ظاہر بھی کریں گے۔

صاحبو! ان دونوں واقعوں کی تصدیق کرنا اگر آپ کو منظور ہو تو آپ بلا واسطہ خط بھیجکر شیخ عبدالقادر صاحب طرابلسی الشیمی سے مدینہ منورہ میں دریافت کرلیں الحاصل احقر جب ہندوستان میں وارد ہوا تو دیکھا کہ اس رسالہ کو بہت سے کندۂ ناتراش جن کو الف کے نام ب بھی نہیں آتا لئے ہوئے جابجا پھرتے ہیں اور لوگوں کو ترغیب دیکر اس کی اشاعت کی فکر کر رہے ہیں اور بہت سے اسی مجموعۂ دشنام کو لئے ہوئے دربدر دوکان دوکان کوڑی کوڑی چندہ وصول کرتے ہوئے پھر رہے ہیں اس لئے مناسب خیال کیا گیا کہ لوگوں کی اطلاع کے واسطے ایک مختصر رسالہ موسومہ الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب شائع کیا جاوے کہ جس میں حضرت مجدد المضلین کی افتراء پردازی و دروغ گوئی اور بے لوث اکابر کرام پر بہتان بندی کی حقیقت اور ان مکائد کی تفصیل معلوم ہوجائے جو انہوں نے اپنی خواہش نفسانی اور ہوائے شیطانی کے پورا کرنے میں کی تھی اور جس کے غم و ہم میں شب و روز لگے رہتے ہیں، اس مختصر رسالہ میں دو باب ہیں اور خاتمہ۔

**باب اوّل**۔ فتوی لینے میں جو دہوکا اور کید و فریب کیا گیا اسکا بیان اور اس کے بہت سے وجوہ ہیں

**باب ثانی**۔ در اظہار افتراء پردازی براکابر و تفصیل اجوبہ اور اس میں نو فصلیں ہیں **فصل اوّل** در تفصیل اتہام بر مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ۔ **فصل ثانی** در تفصیل ختم نبوت اجمالاً **فصل ثالث** در تفصیل تہمت بر مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ۔ **فصل رابع** در تفصیل مسئلہ امکان و امتناع **فصل خامس** در تفصیل تہمت بر مولانا سہارنپوری دام مجدہٗ۔ **فصل سادس** در تفصیل عبارت براہین قاطعہ **فصل سابع** در تفصیل تہمت ثانی بر حضرت مولانا سہارنپوری دام مجدہم۔ **فصل ثامن** در تفصیل تہمت بر مولانا تھانوی دام مجدہم۔ **فصل تاسع** در توضیح عبارت مولانا تھانوی مدظلہ۔ در حفظ ایمان۔

اس نے اپنے استاد خاص ابلیس لعین سے سیکھا ہے۔

## چھٹا بہتان اور مکر عظیم

یہ فریب اور مکر بہت ہی بڑا دجال المجددین اور اس کے اتباع کا ہے کہ جس کی وجہ سے اہل عرب میں خصوصًا اور اہل ہند میں عمومًا اس طائفہ کی اشاعت ہوتی ہے اور اسی نام کی بدولت دنیا جہان سے دہوکہ دیکر روٹیاں ہاتھ آتی ہیں یہ جملہ مکاریوں کی اصل اور تمام دغابازیوں کی بنیاد ہے۔ صاحبو! محمد بن عبدالوہاب نجدی ابتداءً تیرہویں صدی میں نجد عرب سے ظاہر ہوا۔ اور چونکہ یہ خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ رکھتا تھا۔ اس لئے اس نے اہل سنت والجماعت سے قتل وقتال کیا ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا۔ ان کے قتل کرنے کو باعث ثواب ورحمت شمار کرتا رہا۔ اہل حرمین کو خصوصًا اور اہل حجاز کو عمومًا اس نے تکالیف شاقہ پہنچائیں۔ سلف صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی اور بے ادبی کے الفاظ استعمال کئے بہت سے لوگوں کو بوجہ اس کی تکالیف شدیدہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا۔ اور ہزاروں آدمی اس کے اور اسکی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ الحاصل وہ ایک ظالم وباغی خونخوار فاسق شخص تھا۔ اسی وجہ سے اہل عرب کو خصوصًا اس کے اور اس کے اتباع سے دلی بغض تھا اور ہے، اور اس قدر ہے کہ اتنا قوم یہود سے ہے نہ نصاریٰ سے نہ مجوس سے نہ ہنود سے غرضکہ وجوہات مذکورۃ الصدر کی وجہ سے ان کو اس کے طائفہ سے اعلیٰ درجہ کی عداوت ہے اور بیشک جب اس نے ایسی ایسی تکالیف دی ہیں تو ضرور ہونا بھی چاہیئے۔ وہ لوگ یہود ونصاریٰ سے اسقدر رنج وعداوت نہیں رکھتے جتنی کہ وہابیہ سے رکھتے ہیں، چونکہ مجدد المضلین اور اس کے اتباع کو اہل عرب کی نظروں میں خصوصًا اور اہل ہند کی نگاہوں میں عمومًا ان کے بہی خواہ اور دوسروں کو ان کا دشمن، دین کا مخالف ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے اس لئے اس لقب سے بڑھ کر انکو کوئی لقب اچھا معلوم نہیں ہوتا جہاں کسی کو متبع شریعت وتابع سنت پایا چٹ وہابی کہدیا تاکہ لوگ متنفر ہو جاویں اور ان لوگوں کے مصالح اور تر لقموں میں جو طرح طرح کی مکاریوں سے حاصل ہوتی ہیں فرق نہ پڑے، صاحبو! شراب پیو، ڈاڑھی منڈاؤ، گور پرستی کرو، نذر غیر اللہ مانو، زناکاری، اغلام بازی ترک جماعت وصوم وصلوٰۃ جو کچھ کرو یہ سب علامات اہل سنت والجماعت ہونے کی ہو اور اتباع شریعت صورۃً وعملاً جس کو حاصل ہو وہ وہابی ہو جاوے گا مشہور ہے کہ کسی نواب صاحب نے کسی اپنے ہمنشین سے کہا کہ میں نے سنا ہے تم وہابی ہو، انھوں نے جواب دیا حضور میں تو ڈاڑھی منڈاتا ہوں میں کیسے وہابی ہو سکتا ہوں میں تو خالص سنی ہوں، دیکھئے علامت سنی ہونیکی ڈاڑھی منڈانا ہو گیا" دجال مجددین نے اس رسالہ میں اس غرض خاص سے ان اکابر کو وہابی کہا ہے تاکہ اہل عرب دیکھتے ہی غیظ وغضب میں آکر تلملا جاویں اور بلا

پوچھے گچھے بغیر تاثل تکفیر کا فتویٰ دیدیویں اور پھر لفظ وہابیت کو متعدد جگہوں میں مختلف عنوانوں سے الفاظ خبیثہ سے یاد کیا ہے حالانکہ عقائد وہابیہ اور ان اکابر کے معتقدات و اعمال میں زمین و آسمان بلکہ اس سے زائد کا فرق ہے، یہ حضرات بالکل سلف صالحین کے عقائد پر ہیں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور فقہائے حنفیہ کے طریق پر ہر طرح علماً و عملاً کاربند ہیں سر مو تفاوت کرنا نہیں چاہتے سلوک اکابر طرق اربعہ خصوصاً چشتیہ وصابریہ ان کا معمول بہا ہے۔

اب میں چند عقائد وہابیہ کے اور اس کے مقابل ان اکابر کے کلام مختصراً عرض کرتا ہوں کہ مشتے نمونہ خروارے آپ بہوں پر واضح ہو جائے کہ کس درجہ کا افترا ان بزرگوں پر کیا جا رہا ہے اور بریلوی دجال اور اس کے اتباع کس قدر اہل حق پر ظلم و بہتان بندی کر رہا ہے، محمد بن عبد الوہاب کا عقیدہ تھا کہ جملہ اہل عالم و تمام مسلمانان دیار مشرک و کافر ہیں اور ان سے قتل و قتال کرنا ان کے اموال کو ان سے چھین لینا حلال اور جائز بلکہ واجب ہے، چنانچہ نواب صدیق حسن خاں نے خود اس کے ترجمہ میں ان دونوں باتوں کی تصریح کی ہے حضرت یہ دونوں بیشک نہایت عظیم الشان امر ہیں۔ اب دیکھئے ان اکابر میں اتباع اس امر کا ہے یا نہیں اور اگر نہیں تو کون حقیقتاً تبع محمد بن عبد الوہاب کا ہے، اول امر کی تحقیق تو ابھی آئی جاتی ہے مگر امر ثانی کے بارہ میں آپ خود خیال فرماویں، کہ دجال المجددین نے جملہ اہل ندوہ کی تفسیق و تضلیل کی جس میں اس وقت سیکڑوں عالم شریک تھے، جملہ علماء دیوبند کی تضلیل و تکفیر و تفسیق کی حالانکہ ان حضرات کا مجمع روئے زمین پر پھیلا ہوا ہے عموماً دیار ہندیہ و افغانیہ وغیرہ وغیرہ علماء و مدرسین و فضلاء متدینین یہی لوگ اور ان کے تلامیذ و متبعین ہیں ہزاروں بلکہ لاکھوں علماء ان میں سے ہیں اور ہو رہے ہیں اور انشاء اللہ العزیز علی رغم الحسود الی یوم القیام ہوا کریں گے یہ مردود بھی مثل اپنے شیخ نجدی کے ان جملہ اکابر سے مناکحت مجالست وغیرہ حرام جانتا ہے ان کو ایذا دینی اور عزت ہتک کرنی اور تکالیف نفسی اور مالی پہنچانی واجب کہتا ہے، چنانچہ اس کے رسالہ کی ابتداء و آخر سے بخوبی نمایاں ہے، پس درحقیقت یہ پورا پورا متبع اپنے شیخ نجدی کا ہوا اور خود وہ اور اس کے اتباع وہابی ہیں، اب ہم کچھ کلمات مختصراً اکابر دین کے دکھاتے ہیں کہ مسئلہ تکفیر مسلمین و تفسیق مؤمنین میں کس قدر احتیاط کو کام میں لاتے ہیں۔

لطائف رشیدیہ صہ ۳۱ میں حضرت مولانا گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز شرح حدیث آخر رجل یدخل الجنۃ میں فرماتے ہیں "تیسرے یہ کہ حق تعالیٰ رفعت شان ایمان و مؤمنین کی اس تدریج سے ظاہر فرماتا ہے کیونکہ حدیث بخاری میں ہے کہ جب شفاعت سے وہ لوگ بھی نار سے نکالے گئے

جن کے حق میں یہ حکم تھا من قال لا الٰہ الا اللّٰہ وفی قلبہ ادنیٰ ادنیٰ ادنیٰ من خردل تو فخر عالم علیہ السلام بعد اس کے شفاعت ان کی کریں گے جو فقط لا الٰہ الا اللّٰہ کہنے والے تھے تو حق تعالےٰ ان کے باب میں شفاعت کو قبول فرما کر خود ان کو نکال کر افواہ جنت پر ڈالیں گے اور جب ماء الحیات سے وہ جلد مثل نور ٌ نور ہو کر جنت میں داخل ہو جاوے گی تو ظاہر اس حدیث سے واضح ہے کہ یہ قوم لا الٰہ الا اللّٰہ کہتی تھی مگر کوئی درجہ خیر کا ان کے قلب میں نہ تھا اور تھا تو ایسا تھا کہ کسی مخلوق کو معلوم نہ ہوتا تھا تو ایسی جماعت بھی ایک دفعہ در جنت پر پہنچی تو رجل اس جماعت سے بھی ادنیٰ درجہ میں تھا کہ جس کو اس تدریج سے در جنت پر پہنچایا اور یہ تدریج ہی دلیل اس کے کمی مرتبہ کی اس قوم آخر سے ہے تو ایمان کا وہ درجہ کہ کسی ملک اور رسول کو بھی مفہوم نہ ہو عند اللہ موجب نجات و معتبر ہے پھر کسی مومن کو قطعی ناری کہنا اور کسی درجہ مخفی ایمان کو حقارت کی نظر سے نہ دیکھنا چاہیئے اسی واسطے فقہاء امت علیہم الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ سو وجوہ میں اگر ایک وجہ ایمان کی بھی ہو سکے تو تکفیر مومن کی نہ کرنا چاہیئے سو یہ سو درجہ فرمانا فقہاء کا تحدید نہیں بلکہ تکثیر ہے ہزار میں سے ایک وجہ ہو جب بھی تکفیر نہ کرے کہ ایمان کی بہت بڑی عظمت ہے کہ تصدیق توحید حق تعالےٰ صفت خاصہ حق تعالےٰ کی ہے قل ھو اللّٰہ احد پھر جس کی جلد میں یہ نور صفت خاصہ داخل ہے اگر چہ کسی درجہ خفیفہ میں ہو وہ کس طرح مقبول اور جنتی نہ ہو. دخول نار اس کی تہذیب اور اصلاح کے واسطے ہے نہ تحقیر و تہذیب کے واسطے مگر بظاہر صورت عذاب ہے جیسا دشمن کو مارنا اور اپنے ولد محبوب کو تربیت کے لئے مارنا مشابہ ہے مگر دونوں میں فرق ہے لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہٗ لہ الملک ولہٗ الحمد وھو علیٰ کل شیٔ قدیر اس سے قیاس کرنا چاہیئے کہ جس کے قلب میں قرآن شریف کل یا جزو ہوگا اس کا کیا مرتبہ ہے لو جعل القراٰن فی اھاب ثم القی فی النار ما احترق حدیث صحیح ہے اور جس کا قلب بحضور و مشاہدہ حق تعالےٰ زندہ ہے وہ کس درجہ کا نور معیت سے مالا مال اور محفوظ اور مقرب حق تعالےٰ کا ہوگا یہ حدیث تدریج اس مرتبہ کے تحصیل کا شوق دلاتی ہے. انتہی کلامہ الشریف.

حضرات اب غور فرمائیں کہ حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہٗ العزیز اور ان کے اتباع کس قدر تکفیر اور مشرک کہنے وغیرہ میں احتیاط فرماتے ہیں اور کس طرح سلف صالحین کے اتباع میں سرگرم ہیں بخلاف وہابیہ کے کہ تمام کو ادنیٰ شبہ خیالی سے کافر و مشرک کرتے ہیں اور ان کے اموال و دماء کو حلال جانتے ہیں. ع

ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

البتہ مجدد الدجالین اور ان کے اتباع بے شک وہابیہ کے قدم بقدم ہیں. اور دور دور کے لزومات

# باب ثانی

## فصل اوّل

## تفصیل اتہام بر مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضرت مولانا شمس الاسلام والمسلمین حجۃ اللہ علی العالمین مرکز دائرۃ التحقیق والتدقیق قطب افلاک الحکم واسرار التشریع والتخلیق مولانا محمد قاسم النانوتوی الحنفی الصدیقی الچشتی الصابری النقشبندی القادری السہروردی قدس اللہ سرہ العزیز کی نسبت یہ بہتان باندھا ہے کہ معاذ اللہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین اور آخر المرسلین ہونیکے منکر ہیں اور یہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد دوسرے نبی کا آنا ممکن ہے اور جو شخص اس کا قائل ہو اور صراحۃً کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخر النبی اور خاتم الرسل نہیں ہیں وہ کافر نہیں ہے، چنانچہ فلاں اور فلاں کتاب میں مسطور ہے اور اس افترا کے قوت دینے کیواسطے اس نے قطع برید کرکے عبارت تحذیر الناس کی اسطرح نقل کی کہ ایک سطر ص۱۴ کی لیلی اور پھر اس کے ساتھ ایک سطر ص۲۸ کی ملادی پھر اسکے ساتھ دو سطر ص۳ کی ملادیں، اور تینوں عبارتوں کو جمع کرنے سے ایک خراب و فاسد معنے پیدا کردیئے جیسے کسی شاعر نے کہا ہے

لاتقربوا الصلوٰۃ زہمیم بخاطر است ۔۔۔ وازامر یاد ماندہ کلوا واشربوا

جیسے اسنے نماز کے حرام ہونے پر لاتقربوا الصلوٰۃ سے استدلال کیا تھا اور وانتم سکاری کو حذف کردیا تھا ایسے ہی اس مفتری کذاب نے قطع برید کرکے مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ پر بہتان باندھا ہے فاخذہ اللہ فی الدارین

حضرت ذرا غور کیجئے، انصاف فرمائیے عقل و دانش کو کام میں لائیے، یہ کیسا افترا خالص اور کذب سفید ہے حضرت مولانا کا رسالہ تحذیر الناس موجود ہے بار ہا چھپ چکا ہے، ہزاروں نسخے مل سکتے ہیں اسمیں از سرتا پا اس کے خلاف مصرح ہے، حضرت مولانا صاف طور سے تحریر فرمارہے ہیں کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آخر النبیین ہونے کا منکر ہو اور یہ کہے آپ کا زمانہ سب انبیاء کے زمانہ کے بعد نہیں بلکہ آپ کے بعد اور کوئی نبی آسکتا ہے تو وہ کافر ہے اور پھر اس کے دلائل ذکر فرمائے ہیں اوّلاً یہ ان کی عبارت نقل کرکے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں اور پھر آپ کی خدمت اقدس میں تفصیل اس امر کی بھی عرض کروں گا کہ اقرار خاتم النبیین ہونے میں جس قدر حضرت مولانا بڑھے ہوئے ہیں اور جس فضیلت کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت وہ ثابت فرمارہے ہیں مجدد الدجالین اور ان کے پشتہا پشت کو کبھی خواب میں بھی نصیب نہ ہوئی ہوگی ص۱۰ سطر ۳ کی یہ عبارت ملاحظہ ہو۔

"سو اگر اطلاق اور عموم ہے تب تو ثبوت خاتمیت زمانی ظاہر ہے ورنہ تسلیم لزوم خاتمیت زمانی بدلالت التزامی ضرور ثابت ہے ادھر تصریحات نبوی مثل انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی او کما قال جو بظاہر بطرز مذکور اسی لفظ خاتم النبیین سے ماخوذ ہے اس باب میں کافی ہے کیونکہ یہ مضمون درجۂ تواتر کو پہنچ گیا ہے۔ پھر اس پر اجماع بھی منعقد ہو گیا گو الفاظ مذکور بسند متواتر منقول نہ ہوں سو یہ عدم تواتر الفاظ باوجود تواتر معنوی یہاں ایسا ہی ہوگا جیسا تواتر اعداد رکعات فرائض و وتر وغیرہ باوجودیکہ الفاظ احادیث مشعر تعداد رکعات متواتر نہیں جیسا ان کا منکر کافر اس کا منکر بھی کافر ہو گا۔ اھ"

حضرات! دیکھئے اس عبارت میں کس طرح تصریح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی آخر الزماں ہونے کی فرما رہے ہیں اور آپ کے خاتم زمانی ہونے کے منکر کو خود کافر کہہ رہے ہیں پس اس شخص گمراہ کنندۂ عالم مجدد الدجالین کی جرأت اور دروغگوئی کو دیکھئے کہ کس طرح ان کی نسبت لکھتا ہے اور تشہیر کرتا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی آخر الزماں ہونے کے منکر ہیں اور آپ کے بعد دوسرے نبی کے آنیکو جائز فرما رہے ہیں، بھلا اس خباثت اور نجاست کا کیا ٹھکانا ہے، اس عبارت میں حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خاتم زمانی ہونے کی پانچ دلیلیں ذکر فرما رہے ہیں، تین دلیلیں آیت قرآنی سے اور ایک حدیث سے اور ایک اجماع امت سے آیت قرآنی اس بارہ میں ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ۔ پس لفظ خاتم النبیین یا تو عام مانا جاوے کہ جس کے دو افراد ہوں ایک خاتم مرتبی اور دوسرا خاتم زمانی اور لفظ خاتم کا دونوں پر اس طرح اطلاق کیا جاتا ہے جیسے کہ مشترک معنوی اپنے متعدد افراد پر اطلاق کیا جاتا ہے پس اس دلیل سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہر دو صف اس آیت سے ثابت ہوں گے یہ دلیل اول کی تقریر اجمالاً ہوئی اور دلیل ثانی کی تقریر یہ ہے کہ لفظ خاتم کے معنی حقیقی خاتمیت مرتبی کے لئے جاویں اور خاتمیت زمانی معنی حقیقی نہ ہوں بلکہ مجازی ہوں لیکن آیت میں مراد ایسے معنی ہوں کہ جو معنی حقیقی اور مجازی دونوں کو شامل ہوں بطریق عموم مجاز کے اس صورت میں ہر دو وصف کا ثبوت آپ کی ذات پاک کے لئے ظاہر ہے اور دلیل ثالث یہ ہے کہ معنی حقیقی خاتم کے خاتمیت مرتبی کے ہیں، لیکن خاتمیت مرتبی کو خاتمیت زمانی لازم ہے اس لئے بدلالت التزامی آیت خاتمیت زمانی پر دلالت کرے گی اور اس آیت سے خاتمیت مرتبی اور زمانی کا ثبوت لازم آئے گا۔ دلیل چہارم یہ کہ احادیث متواترہ سے ثابت ہو گیا کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اس لئے ثبوت خاتمیت زمانی کا ضرور ہو گا اور منکر اس کا اسی طرح کافر ہوگا جیسے

وخاتم النبیین میں کیا تناسب تھا جو ایک کو دوسرے پر عطف کیا اور ایک کو مستدرک منہ اور دوسرے کو استدراک قرار دیا اور ظاہر ہے کہ اس قسم کی بے ربطی خدا کے کلام معجز نظام میں تصرف نہیں اگر سد باب مذکور منظور ہی تھا تو اس کے لیے اور بیسیوں موقع تھے بلکہ بنار خاتمیت اور بات پر ہے جس سے تاخر زمانی اور سد باب مذکور خود بخود لازم آجاتا ہے اور فضیلت نبوی دوبالا ہو جاتی ہے اھ

اب اس عبارت کو ملاحظہ کریں کہ اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے آیا انکار نبی آخر الزماں ہونے کا یا اقرار۔ خود فرما رہے ہیں کہ "بنار خاتمیت اور بات پر ہے جس سے تاخر زمانی اور سد باب مذکور خود بخود لازم آجاتا ہے" اس سے صاف طور سے ظاہر ہو گیا کہ مولانا مرحوم حضور علیہ السلام کے نبی آخر الزماں ہونے اور اس کے لازم از معنی آیۃ ہونے کے مقر ہیں کہ جو شخص بعد حضور علیہ السلام کے دعوی نبوت کا کرے بیشک جھوٹا اور کذاب ہے اور یہی آیت اس دعوی اور خیال کو رد کرے گی ہرگز جائز نہ ہوگا کہ کوئی متنبی بوجہ اس آیت کے اپنے مقصد میں کامیاب ہو مگر مجدد دجالین نے اپنے ثبوت مدعا کے واسطے اس عبارت و نیز دیگر عبارات مسطورہ کو بالکل ہضم کر دیا ہے اور جسقدر کہ ان کو خواہش شیطانی پورا ہونے میں کافی تھا ذکر کیا اور سمجھنے کی طرف یا تو قصداً توجہ نہیں کی اور یا نہ سمجھا چونکہ لوگوں کو غلطی میں ڈالنا مقصود تھا اس لئے اس کے معنی کو خراب کیا۔

اب ان جملہ عبارتوں سے آپ بخوبی سمجھ گئے ہوں گے کہ حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ہرگز نبی آخر الزماں اور خاتمیت زمانی کے منکر نہیں بلکہ اس وصف کے نبوت کو ضروری اور واجب سمجھتے ہیں اس لئے ان کے دامن مقدس تک کوئی دھبہ نہیں لگ سکتا اور اہل حرمین کو بوجہ ناواقفیت دھوکہ ہوا۔ کذاب نے ان کے ساتھ مکر کیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس وجہ سے کوئی فائدہ مجدد بریلوی کو نہیں ہوا بلکہ بوجہ اس افترا کے خود طوق لعنت میں گرفتار ہوا۔ اور موافق حدیث نبوی ملازم کفر ہوا اور اس میں جملہ حرمین کو اپنا گواہ بنایا۔ بلکہ اس وجہ سے کہ اس نے مدینہ منورہ جا کر بحضور سرور کائنات علیہ السلام یہ عیاری اور افترا بندی کی ہے۔ اور حضرت علیہ السلام قبر مبارک میں زندہ ہیں ان کے روضہ اقدس پر اس رسالہ کو لیجا کر اپنی خواہش شیطانی کو پورا کیا ہے۔ پس اس کی تکفیر میں اور حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کی برأت میں خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاہد ہوئے اور موافق آیت ومن یرد فیہ بالحاد بظلم نذقہ من عذاب الیم کہ دار چونکہ مکہ معظمہ میں واقع ہوا ہے اس لئے مجدد بریلوی عذاب الیم کا مستحق ہوا۔ لعنۃ اللہ تعالی علی الکاذبین فی الدارین۔ اب اجمالاً حقیقۃ کلام مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سنیے۔

لینے چاہئیں۔ اور کون سے معنی اعلیٰ واحسن ہیں اس میں ہرگز نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی آخر الزماں ہیں یا نہیں وہ بے شک بالاتفاق و نیز نزد حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ آخر الانبیاء ہیں اور اس کا منکر ان کے نزدیک کافر ہے مگر مجدد الدجالین خذلہ اللہ تعالیٰ کی عقل وحیا پر پردۂ جہالت پڑا ہوا ہے کہ تصریکات کو نہیں دیکھتا ہے۔ حضرت مولانا کی مراد یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فقط اس طبقہ کے انبیاء کا خاتم نہیں کہا جاوے گا بلکہ آپ کی نبوت زماناً اور ذاتاً ختم کرنے والی ساتوں طبقات کے انبیاء کے واسطے ہوگی۔ ہر طبقہ کے لوگ جناب علیہ السلام کی ذات والاصفات سے مستفیض ہوں گے اور جتنے انبیاء کہیں گذرے ہیں سب کے سب حقیقۃ محمدیہ سے اسی طرح مستفیض ہوں گے جس طرح جانشین کشتی، کشتی سے اور نجوم ہائے آسمان آفتاب سے کہیں بھی ہوں اس تفصیل کو نہایت بسط اور شرح کے ساتھ مولانا دام شآبیب الرضوان علیہ نے تحذیر الناس میں بیان کیا ہے جس کا جی چاہے ملاحظہ کرلے۔ اب غور کیجئے اس معنیٰ میں اور اس معنیٰ میں جس کو عامۃ مفسرین مراد لے رہے ہیں، زمین وآسمان کا فرق ہے یا نہیں اور فضیلت نبوی دوبالا بلکہ زائد اس سے ہوگئی کہ نہیں۔

متبعین شیطانی۔ بتدعین دجا جلہ نے بجائے اس کے کہ اور شکریہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کا کرتے اور کفران نعمت میں کوشش کی فسود اللہ تعالےٰ وجوھھم گویا کہ ان کو مثل روافض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت ہے کہ جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس فضیلت کو دیکھکر دم نکلا جاتا ہے اور محبین نبوت کی تکفیر کی جاتی ہے۔ آخر بنی اسرائیل میں سے ہیں کیوں نہ کریں۔ فعل آبائی محبوب خاطر ہے۔ بعض نبی اسرائیل نے اس طریق سے ظہور کیا ہے کہ انبیاء قتل کرنے کو نہ ملے تو وارثین انبیاء علیہم السلام پر ہاتھ صاف کرنا چاہا۔ مگر کیا کریں گورنمنٹ کے خوف سے قتل تو ممکن ہی نہ تھا۔ تکفیر میں کوشش کی۔

فاللہ حسیبہ فی الدارین سلب اللہ تعالیٰ

ایمانہ وادخلہ فی الدرک الاسفل

مع المنافقین والمشرکین

آمین یارب العالمین

# فصل ثالث

## تفصیل تہمت بر مولانا گنگوہی قدس اللہ سرہٗ العزیز

حضرت مولانا شمس العلماء العالمین وبدر الفضلاء الکاملین ابوحنیفۃ الزمان جنید الدوران امام ربانی محبوب سبحانی جناب مولوی حافظ حاجی رشید احمد صاحب گنگوہی حنفی چشتی صابری نقش بندی سہروردی قادری ایوبی قدس اللہ سرہٗ العزیز کی نسبت اہل عرب کے نزدیک یہ ظاہر کیا کہ میرے پاس ایک فوٹوگراف فتوی کا موجود ہے، جس کا مضمون یہ ہے کہ "اگر کوئی خداوند تعالیٰ جل شانہٗ کو بالفعل جھوٹا کہے (نعوذ باللہ) تو اس کی تکفیر نہ کرو بلکہ تفسیق اور تضلیل بھی نہ کرو اور بہت سے لوگ سلف صالحین اور ائمہ ماضین بھی اس کے قائل ہوئے ہیں" اور مع اس کے اپنی جھوٹی بڑائیاں کہ اولاً مولانا موصوف الصدر مسئلہ امکان کے قائل تھے اور پھر میں نے ایک رسالہ ایسا لکھا اور یہ واقعہ پیش آیا۔ غرض کہ اپنی ہر طرح سے لیاقت وکمال علمی کا اظہار کیا خذلہ اللہ تعالیٰ فی الدارین۔

اب آپ حضرات ذرا انصاف فرمائیے اور اس بریلوی دجال سے دریافت کریں کہ جو امر نہ مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی کسی تصنیف میں موجود نہ ان کے کسی معتقد و مرید وتلمیذ کو معلوم نہ کہیں کسی نے سنا نہ دیکھا وہ آپ کی نسبت کردینے اور جعلی فتوی بنا لینے سے کیسے ثابت ہو سکے گا ہم ہزاروں طریقے سے ان کی تصانیف میں ان کے معتقدین وتلامیذ کے کلام سے اس کے خلاف دکھلانے کو تیار ہیں یہ ایک ایسی جھوٹی نسبت اور بہتان بندی حضرت مولانا موصوف رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت کی گئی ہے کہ جس کا بھی کسی کو خواب وخیال بھی نہ ہوا تھا اور نہ ہوگا۔ آخر مجدد الدجالین اور رئیس الکذابین ہیں تجدید دجالیت ہی کیا ہوئی اگر ایک عظیم الشان افتراء نہ باندھا۔ اگر نئے سے نیا طریقہ اضلال خلق کا نہ اختراع کیا تو مجددیت قرن رابع عشر ہی کیونکر ہوگی اگر جعل سازی بدایونی ومکاری بریلوی اس امر میں کام نہ آئی تو کب آئیگی دل بہلا کر اگر اسرائیلیت سے آفتاب انصار و ماہتاب ہند و امام ہند و امام حدیث وتفسیر کے قتل کرنے کی فکر نہ کی تو اتباع آباء میں فائق کیونکر ہوں گا اگر ایسا کذب سفید نہ بولوں گا لقمۂ چرب کیونکر ہاتھ آویگا اگر ایسا صریح خالص جھوٹ نہ نسبت کروں گا تو اہل عرب کیونکر موافقت کریں گے۔ تقوی، طہارت، خوف خداوندی، اسلام اور ایمان سے پہلے ہی ہاتھ دھو چکا ہوں، اب اگر ایسے ایسے افعال نہ کروں تو دنیا بھی ہاتھ سے جاتی ہے معاذ اللہ اگر بےحیائی ہو تو ایسی ہو اور اگر بے ایمانی ہو تو آپ جیسی ہو اے فوارۂ لعنت

اور یہ فتویٰ عربی ہو کر مکہ معظمہ میں بھی گیا جو کہ صلا میں بعینہ منقول ہے اور اس کی تصدیق علماء مکہ معظمہ نے بھی کی ہے الحاصل مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے خود اس شد و مد سے اپنے فتاوی میں اس کو تحریر فرمایا کہ جو شخص نسبت کذب باری عز وشانہ کی طرف کریگا وہ کافر ملعون ہے ہرگز مومن نہیں پھر نہ معلوم کہاں سے اس مجدد التضلیل نے یہ خبیث فتویٰ اختراع کیا مسئلہ امکان کے البتہ حضرت مولانا اور ان کے متبعین حسب رائے اکابر سلف صالحین قائل تھے اور ہیں مگر امکان ذاتی کے مع الامتناع بالغیر امکان وقوعی کے جملہ حضرات منکر ہیں، چنانچہ اس فتوی میں بھی اس کو فرمایا اس مسئلہ میں البتہ مولانا کا خلاف معروف ہوا اور لوگوں نے رسالے تصنیف کئے جیسے مولوی احمد حسن صاحب کانپوری کا رسالہ تنزیہ الرحمن اور مولوی عبداللہ صاحب ٹونکی کا رسالہ عجالۃ الراکب وغیرہ اور ان رسالوں کے جوابات بھی دیئے گئے اور چھپکر شائع ہوئے چونکہ یہ رسالہ مضامین علمیہ سے پُر اور طریقۂ علماء سے مملو تھے. ان کے جوابات کی طرف توجہ ہوئی مجدد التضلیل صاحب نے خیال کیا کہ ہم بھی خون لگا کر شہیدوں میں داخل ہو جائیں چٹ ایک رسالہ مسمّی سبحان السبوح لکھکر کھینچ مارا. اس کو دیکھا گیا تو سوائے گالی گلوچ اور خرافات و بازاری باتوں کے اور کوئی مضمون علمی ایسا نہیں تھا کہ جس کی طرف توجہ کیجاوے علاوہ ازیں کبھی کسی عالم نے ان کو اہل علم سے شمار ہی نہ کیا اور نہ کچھ علمی باتیں تھیں بازاریوں کی سی گفتگو تھی اس لئے ان کے رسالے کے رد کی طرف توجہ کرنا محض بے سود بلکہ خلاف شان و ہتک عزت شمار کیا گیا اور جو بعض باتیں قابل جواب تھیں بھی ان کا جواب دوسرے رسائل میں آچکا تھا. مگر مجدد بریلوی نے اس سے یہ سمجھا کہ افرہ ہمچو ما دیگرے نیست جیسے یاجوج ماجوج نے خیال کیا کہ ہم نے آسمان فتح کر لیا ایسے ہی انہوں نے سمجھا کہ ہم نے سواد اعظم کو ساکت کر دیا. مجدد صاحب ان رسائل کو ملاحظہ کریں کہ جو اس مسئلہ کی تحقیق اور اعتراضات مخالف کی رد میں شائع ہو چکے ہیں انشاء اللہ مثل الشمس فی نصف النہار روشن ہو جاوے گا کہ ان کی اور ان کے ہم خیال لوگوں کی جملہ لچر دلیلیں ھباءً منثورا ہو گئی ہیں، ہاں البتہ ان کی گالیوں اور دشنام کا جواب نہیں دیا گیا کہ یہ فعل اہل علم نہیں ہے اس لئے بعد میں زیادتی وضاحت کے لئے مسئلہ امکان کی تقریر تفصیلی اکابر کے کلام سے نقل کرتا ہوں کہ جس کی وجہ سے آپ جملہ حضرات پر ظاہر ہو جاوے کہ مجدد و متبعین مجدد التضلیل کہ جو افتراء اکابر اہل سنت پر کہتے ہیں اور ان حضرات کی طرف لغو بات منسوب کرتے ہیں وہ محض کذب اور دروغ خالص ہے ان اکابر کا دامن تقدس اس سے بالکل صاف اور پاکیزہ ہے.

# فصل رابع

## تفصیل مسئلہ امکان و امتناع

مجدد الضالین صاحب فرماتے ہیں کہ ہم گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ بمحض اتباع مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ مسئلہ امکان کے قائل ہوئے ہیں" یہ قول انکا محض افتراء اور جہالت ہے مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے سلف صالحین امت مرحومہ کا اتباع کیا ہے تمام اشاعرہ بلکہ تمام ماتریدیہ بھی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے اس مسئلہ میں متفق ہیں. کتب معتبرہ علم کلام کی شاہد ہیں، اور ان کی نصوص صراحۃً موجود ہیں **شرح مواقف** میں اس مسئلہ کو اس طرح تین جگہ ذکر کیا ہے **مسامرہ** میں بھی تفصیلاً مذکور ہے **تقریر الاصول شرح تحریر الاصول** میں محقق ابن ہمام صاحب فتح القدیر اور ان کے تلمیذ ابن امیر الحاج رحمہما اللہ نے اس مسئلہ کو اور یہ کہ یہی رائے اکابر اہل علم اور معشر اہل سنت اشاعرہ ماتریدیہ کی ہے نہایت وضاحت سے بیان کر کے یہ دکھلایا ہے کہ بعض لوگوں نے جو درمیان اشاعرہ ماتریدیہ کے اس مسئلہ میں خلاف ثابت کیا ہے وہ محض نزاع لفظی ہے اور اس کی تقریر فرمائی ہے.

علامہ کلنبوی نے حاشیہ شرح عقائد جلالی میں اس مسئلہ کی پوری تقریر کی ہے اور جمہور اشاعرہ کا یہی مذہب ثابت کر کے دکھلایا ہے کہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام اس مسئلہ میں مخالف مذہب نہیں ہے. قاضی عضد رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مختصر الاصول ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ میں اس مسئلہ کی صاف طور سے تقریر فرمائی ہے علاوہ اس کے اور بھی کتابیں علم کلام کی اس مسئلہ میں توضیح کر رہی ہیں مگر اعتماد کیواسطے یہ کتب مذکورہ بھی کافی ہیں اگر زیادہ تحقیق کرنی منظور ہو تو جہد المقل فی تنزیہ المعز والمذل کو ملاحظہ کریں. اگر رسالے کے طول کا خوف نہ ہوتا تو ان کتب مذکورہ بالا کے نصوص کو ذکر کرتا مگر ان نصوص کا پتہ بھی جہد المقل سے چل جائے گا مجدد المضلین صاحب کی قلت واقفیت اور عدم تجر اس کے باعث ہوئی ہے کہ گمان کرتے ہیں کہ اس مسئلہ کی تصریح علماء امت اور سلف صالحین میں سے کسی نے نہیں کی سوائے مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ کے اور یہ گمان بھی انکا کہ قائلین اس مسئلہ کے مخالف اہل سنت والجماعۃ ہیں. محض بے بضاعتی اور کم فہمی اور عدم واقفیت پر مبنی ہے. مہربانی فرما کر انکی کتب کو ملاحظہ کریں اور اپنے خیالات فاسدہ اور عقائد کاسدہ سے رجوع کریں. اگر ان کو اتنی قابلیت نہ ہو کہ خود ان نصوص کو کتب ہائے مذکورہ بالا سے نکال سکیں تو ہم کو لکھیں ہم جلد و صفحہ و سطر لکھدیں گے اور اگر ضرورت ہوگی

السہروردی السہارنپوری دامت سحب فیوضہا ہاطلۃ آمین. مؤلف براہین قاطعہ پر تہمت لگائی کہ معاذ اللہ شیطان لعین کو حضرت رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اعلم واوسع علماً کہتے ہیں اور یہ بھی کذب محض اور دروغ گوئی ہے. براہین قاطعہ حضرت مولانا دام فضلہٗ کی بارہا رچھپ چکی ہے اور ہزاروں نسخے اس کے عالم میں موجود ہیں کہیں سے یہ ایماندار اس کی تصریح کیوں نہیں دکھاتا حسام الحرمین میں لکھتا ہے کہ فانہ صرح فی کتابہ البراھین بان شیخھم ابلیس اوسع علماً من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس کا ترجمہ یہ لکھتا ہے کہ اس نے اپنی کتاب براہین قاطعہ میں تصریح کی کہ ان کے پیر ابلیس کا علم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے دیکھو (صفحہ ۱۳-۱۵) اور اسی قسم کے الفاظ تمہید شیطانی میں بھی نقل کئے ہیں اور پھر نسیم الریاض کی وہ عبارت نقل کر کے جس میں یہ لکھتا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اعلم کہے تو وہ کافر ہے دیکھئے حضرات ذرا غور کیجئے کہ اس کاذب نے دعویٰ تو کیا ہے کہ وہ براہین میں تصریح کر رہے ہیں کہ ابلیس کا علم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے زیادہ ہے اور وہ آپ سے علماً اوسع ہے اور اس عبارت کا کہیں تمام براہین میں پتہ نہیں اور پھر اپنے مدعا کے اثبات کے واسطے وہاں کی عبارت جو نقل کی ہے وہ ہرگز صریح اس معنے پر نہیں دیکھئے عبارت جو نقل کی ہے وہ یہ ہے: "شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علمی کی کونسی نص قطعی ہے" الخ اب اس میں کہاں وہ الفاظ مذکور ہیں جس پر دجال بریلوی فتوی کفر کا لگا رہا ہے، کہیں لفظ اعلم کا آیا ہے یا کہیں ابلیس کو اوسع علماً کے ساتھ تعبیر کیا ہے یا کہیں یہ کہا ہے کہ معاذ اللہ ابلیس کا علم حضور علیہ السلام سے زائد ہے یہ بحث صفحہ ۴۶ سے لیکر صفحہ ۵۵ تک لکھی ہوئی ہے مگر کوئی متنفس ان الفاظ کو کہیں سے نکال سکتا ہے اور اگر یہ کہے کہ اس عبارت سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ معاذ اللہ ابلیس حضور علیہ السلام سے اعلم اور اوسع علماً اور زائد ہے تو بندہ خدا یہ تصریح کہاں ہوئی، اس دریدہ دہن نے تو علمائے حرمین کے نزدیک یہ ظاہر کیا کہ براہین میں اس کی تصریح کی ہے.

صاحبو! تصریح تو جب ہی ہوگی جب دعوی کو صراحۃً اسی طرز پر تحریر کیا ہو اور اگر آپ کی سمجھ میں کسی عبارت سے کوئی بات آرہی ہو تو تصریح کہاں ہوئی یہ کہو کہ براہین کی عبارت سے یہ سمجھ میں آتا ہے یا وہ عبارت اس مقصد کو لازم ہے. یہ تصریح کہنا اگر افترا محض اور دروغ نہیں تو کیا ہے جس سے علماء حرمین کو دھوکہ دیا گیا، اور سمجھ میں آپ کے آنا یہ بھی آپ کی سمجھ ناقص اور رائے نارسا کی خوبی ہے اور تمام عبارتیں اگلی اور پچھلی کے حذف کر دینے سے یہ مرض مہلک پیدا ہوا ہے کہ جسکو ہم آگے چل کر صاف طور سے ظاہر کر دیں گے کہ دجال بریلوی نے یہاں پر محض بے سمجھی اور بے

عقلی سے کام لیا ہے اور تحریف و قطع برید پر جملہ اعتراضات کا مبنیٰ ہے۔ آپ نسیم الریاض کی عبارت سے بخوبی معلوم کر لیں گے کہ تکفیر اس شخص پر ہو سکے گی۔ وہ معاذ اللہ کسی کو رسول مقبول علیہ السلام سے اعلم اور اس کے علم کو حضور علیہ السلام سے علی الاطلاق زائد بتا دے اور جبکہ یہ بات براہین میں موجود نہیں تو تکفیر ہرگز عائد نہ ہوگی بلکہ لوٹ پھیر کر مجدد بریلوی کی گردن پر حسب ارشاد نبوی سوار ہو جاوے گی۔ اب ہم آپ کو خود براہین کی عبارت دکھلاتے ہیں جس سے بخوبی اس کے خلاف ظاہر ہو جاوے گا۔

ص۲ میں تحریر فرماتے ہیں۔ پس کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تقرب و شرف کمالات میں کسی کو مماثل آپ کے نہیں جانتا ہے اھ۔

اس قسم کے مضامین متعدد جگہ ذکر فرمائے ہیں آپ خود خیال فرمائیں کہ جملہ کمالات میں اعلیٰ درجہ کا کمال علم ہے۔ بلکہ مدار کمالات کا علم ہی ہے۔ پس جبکہ کسی کو آپ کے مماثل بھی شرف کمالات میں نہیں کہہ سکتے تو آپ سے بڑھکر کیونکر کوئی خیال کر سکتا ہے کوئی ہو یہ محض سفسطہ دجال ہے کوئی ادنیٰ مسلمان بھی ایسا خیال بہ نسبت حضور علیہ السلام نہیں کر سکتا کہ کوئی بھی آپ سے اعلم ہو چہ جائیکہ ایک عالم متبحر کہ جس کی تمام عمر دینیات کی کتابیں پڑھاتے ہوئے ہو گئی ہزاروں علماء اس کی کتب درسیہ و دینیہ پڑھ کر مدرس و ہادی خلق بن گئے یہ خیال ہرگز ہرگز نہ اس کا ہو سکتا ہے اور نہ وہ لکھے گا اس وجہ سے حضرت مولانا گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز نے متعدد فتاویٰ میں یہ تصریح فرمائی کہ جو شخص ابلیس لعین کو رسول مقبول علیہ السلام سے اعلم اور اوسع علماً کہے وہ کافر ہے اسی وجہ سے شریف مکہ کی مجلس میں جب یہ افتراء دجال بریلوی نے بھیجا سب نے سنتے ہی کہا کہ سبحانک ھٰذا بہتان عظیم سوائے افتراء اور کذب کے کوئی امر دیگر نہیں ہے پس اگر یہ عبارت صراحۃً بھی موجود ہوتی تب بھی یہ قرینہ حالی ایک ایسا قرینہ قوی تھا کہ جس کی وجہ سے ضرور بالضرور اس کے ظاہری معنے سے پھرنا ضروری تھا حالانکہ یہ عبارت بھی موجود نہیں۔ بلکہ اس عبارت کے الفاظ اور لاحق و سابق بالکل اس کے خلاف پر صریح دلالت کرتے ہیں۔ مجدد الدجالین نے فقط تحصیل مقصد کے واسطے ان جملہ عبارتوں سے اپنی آنکھوں کو ڈھانپ لیا۔

اب تفصیل اس عبارت کی ملاحظہ کیجئے۔

انبیاء سے اعلم ہونا لازم نہیں آتا، دیکھئے حضرت سلیمانؑ کے قصہ میں ہُدہُد کا یہ قول اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے احطت بمالم تحط بہ کہ میں نے ایسی چیز کا احاطہ کیا ہے کہ جس کا تم کو احاطہ نہیں ہوا۔ پس ہُدہُد کا ایک ایسی جزئی کو جان لینا اس کا باعث ہرگز کسی کے نزدیک نہیں ہو سکتا ہے کہ اس کو حضرت سلیمان علیہم السلام کا اعلم اور اوسع علماً کہیں، وجہ یہ ہے کہ ان جزئیات دنیاویہ وحوادث کا علم کوئی کمال نہیں ہے خود رسول مقبول علیہ السلام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو فرماتے ہیں کہ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ " کہ تم اپنی دنیا کی باتوں کے زیادہ جاننے والے ہو" اس کی وجہ سے کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ معاذ اللہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلم تھے اور نہ ان امور جزئیہ دنیاویہ کا بعض جگہ حضور علیہ السلام سے غائب ہو جانا اور نہ جاننا آپ کی علمیت میں نقص ڈالتا ہے، اسی طرح جزئیات کونیہ کے بعض افراد کا علم اگر خبیث ابلیس کو بوجہ اس کے کہ وہ عالم اضلال وامتحان کے لئے پیدا کیا گیا ہے دیدیا گیا ہو اور وہ خبیث ہر وقت اپنی توجہ کاملہ کو اسی طرف متوجہ رکھتا ہو جیسا کہ متعدد آئتیں اور احادیث اسپر دلالت کرتی ہیں اور حضور علیہ السلام سے اس قسم کی جزئیات غائب ہوں باوجودیکہ علم ذات وصفات واسرار وغیرہ کمالات مشاہدہ میں آپ اس درجہ کے ہوں کہ اس کے اردگرد کو سوں تک کسی کا خیال بھی نہیں پہنچ سکتا، اور ایسے جزئیات کے جاننے سے بوجہ عدم ورود نصوص صریحہ انکار کیا جاوے۔ علاوہ بریں ان کی طرف توجہ کرنا خود حضور علیہ السلام کے منصب علیا کے مناسب نہیں جیسے کہ شعر وکہانت وسحر وغیرہ کی طرف توجہ کرنا خلاف شان کمالی حضور علیہ السلام ہے تو کسی طرح ابلیس لعین کا آپ سے اعلم اور اوسع علماً ہونا لازم نہیں آتا البتہ مجدد الدجالین اور ان کے ہم خیال ان چیزوں کے نظر اقدس سے غائب ہونیکی وجہ سے آپ کی شان عالی میں منقصت شمار کرتے ہوں گے، ہزارہا احادیث اس قسم کی موجود ہیں کہ آپ کو بہت سی جزئیات مخصوصہ کا علم نہ ہوا۔ اور ہزارہا احادیث اس قسم کی بھی موجود ہیں جسمیں بہت سی جزئیات کا علم ہو گیا پس مدار کمال وفضل یہ جزئیات ہرگز نہیں اور نہ ان کی وجہ سے اعلیت واوسعیت علم تھی۔

بریلوی مجدد نے بوجہ اس کے کہ ان کی عقل اور حیا پر پردے پڑے ہوئے ہیں اسطرف ہرگز توجہ نہ کی کہ صاحب انوار ساطعہ کس چیز کو ثابت کر رہا ہے اور کس علم کی وسعت میں گفتگو کر رہا ہے جس کا جواب حضرت مؤلف براہین قاطعہ دے رہے ہیں وہ بھی فقط اسی وسعت کا اثبات ابلیس لعین اور اس کے جواز نفی از حضرت فخر عالم علیہ السلام پر بحث فرما رہے ہیں وہاں مطلق علم کی وسعت پر ہرگز بحث نہیں اسی وجہ سے لفظ دیکھا فرما رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ وسعت یعنی جس میں بحث ہو رہی ہے اور جسکو

صاحب انوار ساطعہ نے ذکر کیا ہے اور پہلے جس میں گفتگو ہوتی چلی آرہی ہے پس مضمون اس تقریر براہین کا یہ ہے کہ ایک خاص علم کی وسعت آپ کو نہیں دی گئی ہے اور ابلیس لعین کو دیگئی ہے کہ جسکی وجہ سے وہ اطلاع عالم کرے اور بداہتۃً معلوم ہے کہ اس سے اس خبیث کا عالم اور اوسع علماً ہونا ہرگز لازم نہیں آتا دیکھئے کوئی بھی سیبویہ اور ابن حاجب کو امام ابوحنیفہؒ سے اعلم نہیں کہہ سکتا کہ ہم نے اسکی متعدد نظریں سابق میں پیش کردی ہیں، اسی عبارت میں مذکور ہے"۔ اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ، پس بحث ایک خاص علم کی وسعت میں ہورہی ہے اور اسی کا جواب دیا جارہا ہے، اس لئے بار بار تقیید (لفظ یہ) اور ان کے ساتھ کررہے ہیں مگر مجدد الدجالین اور اس کے اتباع عناداً سمجھتے ہی نہیں یا عوام کو جاکر دھوکہ دے رہے ہیں۔ قبحهم الله تعالیٰ۔

الحاصل جملہ عقلاء اور ہمارے مقدس بزرگان دین کے نزدیک کسی کے اعلم ہونے کے یہ معنی ہیں کہ وہ شخص ایسے ایسے علوم شریفہ ومعارف کمالیہ کو حاوی اور جاننے والا ہو جن کو دوسرا شخص نہ جانتا ہو پس ان علوم نہ جاننے والے سے اس شخص کو اعلم اور اوسع علماً اور زائد فی العلوم کہیں گے اگرچہ اس شخص ثانی میں وہ علوم موجود ہوں جو کہ نہایت ادنیٰ درجہ کے بہ نسبت شخص سابق کے علوم کے ہیں پس حضور علیہ السلام کو جملہ خلائق اولین وآخرین سے اعلم کہنے کے یہی معنی ہیں کہ جس قدر علوم شریفہ کمالیہ ہیں ان سب میں آپکے برابر کسی مخلوق کا رتبہ نہیں ہوسکتا بعد مرتبہ خداوندی آپ ہی کا مرتبہ ہے ع بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔

اب ہم مجدد صاحب سے سوال کرتے ہیں کہ آپ کے نزدیک اعلم ہونے کے کیا معنے ہیں۔؟ آیا یہ معنی ہیں کہ کلی جزئی شریف ہو یا ردی علوم کمالیہ اور علوم ردیہ سب چھوٹے اور سب کی سب معلوم ہوں تو اس وقت میں بہت سے اکابر وافاضل کو عوام الناس بلکہ حیوانات سے اعلم کہنا نہ صحیح ہوگا بلکہ موافق قاعدہ بریلوی کے یعنی یہ کہ بعض جزئیات کے علم کی وجہ سے کسی شخص کو اعلم کہہ سکتے ہیں لازم آویگا کہ نجاست کا کیڑا مجدد صاحب سے اعلم اور اوسع علماً ہوجاوے اور اگر اعلم کے یہی معنی ہیں کہ جو ہم نے بیان کئے کہ علوم عظیمہ ومعارف کمالیہ میں وہ دوسرے یعنی مفضل علیہ سے بڑھا ہوا ہو تو حضور علیہ السلام کا اعلم ہونا پوری طرح سے مسلم اور باقی رہا اور شیطان کا بعض جزئیات کونیہ کا جاننا موجب اس کے اعلمیت کا ہرگز نہ ہوا، اب یہ اعتراض کیونکر ہم پر وارد ہوا اور نسیم الریاض کی نص ہم کو کیونکر مضر ہوئی الحاصل حضور علیہ السلام کا اعلم الخلق اور اوسع الخلق علماً ہونا ہمارے اور مجدد بریلوی کے نزدیک ہر طرح مسلم ہے لیکن نزاع فقط اس امر میں ہے کہ اعلم کے معنی کیا ہیں اب مجدد صاحب ہر دو شقوں مذکورہ میں کو تعیین فرمادیں

روزانہ زمین پر حادث ہوتے رہتے ہیں اور ہر کس و ناکس سے متعلق ہیں علوم کلیہ و معارف شریفہ میں نہیں ہے پس ان جزئیات کے احوال میں سے بعض احوال کے علم پر نصوص دلالت کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی مصلحت سے شیطان و ملک الموت کو دیدیا۔ پس اس کی وجہ سے نہ شرک لازم آیا نہ معصیت نہ انکی انتقاص کیوجہ سے علم نبوی میں جو کہ کروڑوں اور لاکھوں ایسی ایسی معلومات کو مشتمل ہے کہ کوئی خلق جن و بشر اس تک نہ پہنچا نہ پہنچیگا (چہ جائیکہ ابلیس لعین) اور جملہ علوم شریفہ و کمالیہ میں کوئی بھی نقص لازم نہ آیا اور نہ اس کی وجہ سے خبیث ابلیس کا معاذ اللہ حضور علیہ السلام سے اعلم اور اوسع علماً یا زائد در علوم ہونا ثابت ہوا۔ اب بخوبی ظاہر و باہر ہو گیا کہ کج فہم دجال محض افتراء پردازی تحریف عبارت کر رہا ہے۔ اور لوگوں پر خلاف واقع امور ظاہر کر رہا ہے اس کے بعد جو اس نے آیات وغیرہ علوم نبویہ علیہ السلام کے بارہ میں ذکر کئے ہیں ان کا کب کسی کو انکار ہے علوم نبویہ میں اور اس کی وسعت و کمال کے بارہ میں سیکڑوں رسالے ہمارے اکابر نے تالیف کر دیئے ہیں یہ جملہ آیات و احادیث علی الراس والعین ہیں حضور علیہ السلام اعلم الخلق علی الاطلاق و اشرف الخلائق بالاتفاق ہیں کسی کو اس میں کلام ہی نہیں البتہ اطلاق عالم الغیب خصوصیۃ باری تعالےٰ عز و جل کی ہے اور اس کے دلائل کتابیہ و حدیثیہ معروف و مشہور ہیں شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ نے اگر اس عبارت کو باعتبار اسناد کے بے اصل قرار دیا تو بوجہ دلائل آخر صحیح مقبول المعنیٰ ہونے میں کسیکو انکار نہیں ہو سکتا ہے یہی بحسب المعنیٰ قابل احتجاج ہے۔ حتیٰ کہ خود دجال بریلوی نفی علم ذاتی کا اس طرز پر موافق حدیث منقول قائل ہے اس کے بعد مجدد الدجالین علیہ ما علیہ نے اپنے تفاخر و تعاظم میں کسی شخص سے گفتگو اپنی اور مناظرہ نقل کیا ہے وہ محض لغو ہے کیونکہ معلوم ہو گیا کہ مولف براہین نے اپنی تمام کتب میں کہیں بھی تصریح اس کی نہیں کی۔ البتہ اس کے کلام سے کج فہم بریلوی نے یہ معنی بطور تلازم نکالے ہیں لیکن اگر انصاف ہوتا یا عقل پر عمل کرتے تو دیکھتے کہ یہ کلام مولانا سہارنپوری مدظلہ العالی کا کس بات کے جواب میں ہے تاکہ مطابقت فوت نہ ہو کیونکہ جواب عقلاء کے نزدیک اسی بات پر محمول ہوا کرتا ہے جو سوال میں مذکور ہو ورنہ جواب نہ ہوگا۔ پس بحث فقط اسی علم کی وسعت و عدم وسعت میں ہے جو صاحب انوار ساطعہ نے ذکر کیا تھا۔ مجدد بریلوی۔۔ اپنے مرض قلبی سے اس وسعت سے مراد تمام انواع علوم کی وسعت لے بیٹھے۔ اور پھر مؤلف دام مجدہٗ نے فقط قرینہ جواب پر بھی کفایت نہ کی بلکہ ہر جگہ اس وسعت کو تخصیص کرتے گئے اور لفظ یہ اور اُن کا استعمال کرتے رہے مگر اس مجدد بریلوی نے چونکہ حق سے اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں اس لئے نہ حق باتیں اس کو دکھائی دیتی ہیں اور

# فصل ثامن

## تفصیل تہمت بر مولانا تھانوی دامت برکاتہم

دجال زمانہ نے حضرت شمس العلماء العالمین وبدر الفضلاء الکاملین محی السنت الغراء قامع البدعۃ الظلماء امام اہل سنت الجماعت لبید اہل الکفرۃ والضلالۃ مولانا الحافظ الحاج المولوی اشرف علی صاحب الحنفی الفاروقی التھانوی الچشتی الصابری النقشبندی القادری السہروردی دامت برکاتہم پر یہ تہمت لگائی کہ معاذ اللہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کو زید عمرو بکر بلکہ چوپایوں اور مجنونوں کے علم کی برابر کہتے ہیں۔ عبارت اس مبتدع کی صہ۲۱ میں یہ ہے۔ اس نے ایک چھوٹی سی رسالہ تصنیف کی کہ چار ورق کی بھی نہیں اور اس میں تصریح کی کہ غیب کی باتوں کا جیسا کہ علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے ایسا تو ہر بچہ اور ہر پاگل بلکہ ہر جانور اور ہر چوپائے کو حاصل ہے۔ اھ اور سطر پندرہ میں کہا کہ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی مہر کا اثر دیکھو یہ شخص کیسی برابری کر رہا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور چنیں اور چناں میں۔ اھ

آپ حضرات ذرا غور فرمائیں اور انصاف کریں عبارت حفظ الایمان کی موجود ہے آیا یہ امر اس میں مسطور ہے یا نہیں۔ صاحبو محض دروغ اور افترا بندی پر اس گمراہ کنندۂ عالم نے کمر باندھ رکھی ہے اس جواب و بہتان بندی پر تعجب و حیرت کیسا تھ غصہ پر غصہ آتا ہے مگر تہذیب علم کوئی لفظ مجدد بریلوی کے شایان شان قلم سے نہیں نکلنے دیتی۔

اولاً میں عبارت حفظ الایمان بتمامہا نقل کرتا ہوں تاکہ آپ کو جملہ عبارت اگلی اور پچھلی مد نظر ہو جاوے اور ظاہر ہو جائے کہ مجدد التضلیل نے معنی اور عبارت دونوں میں تحریف کر کے اپنے آباؤ اجداد یہود بنی اسرائیل کی ہڈیوں کو زندہ کیا ہے، مولانا تھانوی دامت برکاتہم صہ۷ میں فرماتے ہیں مطلق غیب سے مراد اطلاقات شرعیہ میں وہی غیب ہے جس پر کوئی دلیل قائم نہ ہو اور اس کے ادراک کے لئے کوئی واسطہ اور سبیل نہ ہو اسی بنا پر لا یعلم من فی السمٰوات والارض الغیب الا اللہ اور لو کنت اعلم الغیب وغیرہ فرمایا گیا ہے اور جو علم بواسطہ ہو اس پر غیب کا اطلاق محتاج قرینہ ہے تو بلا قرینہ مخلوق پر علم غیب کا اطلاق موہم شرک ہونیکی وجہ سے ممنوع و ناجائز ہوگا قرآن مجید میں لفظ راعنا کی ممانعت اور حدیث مسلم میں عبدی وامتی و ربی کہنے سے نہی اسی وجہ سے وارد ہے اس لئے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ

عالم الغیب کا اطلاق جائز نہ ہوگا اور اگر ایسی تاویل سے ان الفاظ کا اطلاق جائز ہو تو خالق اور رازق وغیرہا بتاویل اسناد الی السبب کے بھی اطلاق کرنا جائز ہوگا کیونکہ آپ ایجاد اور ابقاء عالم کے سبب ہیں بلکہ خدا بمعنے مالک اور معبود بمعنی مطاع کہنا بھی درست ہوگا اور جس طرح آپ پر عالم الغیب کا اطلاق اس تاویل خاص سے جائز ہوگا اسی طرح دوسری تاویل سے اس صفت کی نفی حق جل وعلا شانہ سے بھی جائز ہوگی یعنی علم الغیب بالمعنی الثانی بالواسطہ اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت نہیں پس اگر اپنے ذہن میں معنی ثانی کو حاضر کر کے کوئی شخص یوں کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب ہیں اور حق تعالیٰ شانہ عالم الغیب نہیں (نعوذ باللہ منہ) تو کیا اس کلام کو منہ سے نکالنے کی کوئی عاقل متدین اجازت دیگا گوارا کر سکتا ہے اس بناء پر تو بانوا فقیروں کی تمامتر بیہودہ صدائیں بھی خلاف شرع نہ ہوں گی۔ تو شرع کیا ہوا بچوں کا کھیل ہوا کہ جب چاہا بنا لیا اور جب چاہا مٹا دیا پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب؟ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے کیونکہ ہر شخص کو کسی نہ کسی ایسی چیز کا علم ہوتا ہے جو دوسرے شخص سے مخفی ہے تو چاہئے کہ سب کو عالم الغیب کہا جاوے پھر اگر زید اس کا التزام کرے کہ ہاں میں سب کو عالم الغیب کہوں گا تو پھر علم غیب کو منجملہ کمالات نبویہ شمار کیوں کیا جاتا ہے جس امر میں مومن بلکہ انسان کی بھی خصوصیت نہ ہو وہ کمالات نبوت سے کب ہو سکتا ہے اور اگر التزام نہ کیا جاوے تو نبی غیر نبی میں وجہ فرق بیان کرنا ضرور ہے اور اگر تمام علوم غیب مراد ہیں اس طرح کہ اس کی ایک فرد بھی خارج نہ رہے تو اس کا بطلان دلیل نقلی و عقلی سے ثابت ہے۔ اھ

اس عبارت پر جناب مجدد مضلین صاحب کو بہت بڑا غیظ و غضب ہے اور بڑے شد و مد سے دعویٰ ہے کہ جناب مولانا تھانوی نے حضور سرور کائنات علیہ السلام کے علم مبارک کو چوپایوں اور مجانین کے علم سے مساوی کر دیا اور یہ کفر و ضلال ہے اور فرماتے ہیں کہ اس میں سراسر سید الانام علیہ السلام کی توہین ہوئی بلکہ یہاں تک کہتے ہیں کہ یہ لوگ منہ بھر بھر کر حضرت سرور انام علیہ السلام کو گالیاں دے رہے ہیں معاذ اللہ تعالیٰ مگر افسوس صد افسوس کہ اپنے گھر کی خبر نہیں یہ الزام فقط مولانا صاحب ہی تک پہنچتا ہوتا تو امر کچھ سہل تھا یہ تو مجدد صاحب کے روحی اور جسمی باپ دادوں کو بھی نہیں چھوڑتا۔

صاحبو! اگر یہ کلام حضور علیہ السلام کے دشنام ہونے پر دال ہے اور توہین نبوی اس میں صراحۃً ہورہی ہے تو مجدد صاحب کے دادا پیر حضرت شاہ حمزہ صاحب مغفور و مرحوم مارہروی اور مجدد صاحب کے دادا صاحب یعنی مولوی رضا علی خانصاحب بریلوی کا کلام تو اس سے بھی زیادہ تر صریح گالی اور توہین میں ہے معاذ اللہ وہ بھی کافر ہوئے اور حسب بیان و تحریر مجدد صاحب ان دونوں کا کافر نہ کہنے والا بھی کافر ہوا۔ دیکھئے جناب شاہ حمزہ صاحب مارہروی مرحوم خزینۃ الاولیا مطبوعہ کانپور صفحہ پندرہ میں ارقام فرماتے ہیں وہ علم غیب صفت خاص ہے رب العزت کی جو عالم الغیب والشہادۃ ہے جو شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب کہے وہ بے دین ہے اسواسطے کہ آپ کو بذریعہ وحی کے امور مخفیہ کا علم ہوتا تھا جسے غیب کہنا گمراہی ہے اور جمیع مخلوقات نعوذ باللہ عالم الغیب ہے۔ انتہیٰ از سیف النقی۔

حضرات اس عبارت سے صاف طور سے معلوم ہوگیا کہ مجدد صاحب کے دادا پیر صاحب کے قول پر نہایت وضاحت سے علم غیب میں جملہ مخلوقات دیو پری جن بھوت کیڑے کوڑے مجنون و پاگل گدھے یا کتے وغیرہ معاذ اللہ رسول مقبول علیہ السلام کے مساوی ہو گئے اب ان کو بھی حسام الحرمین سے یہ عبد الدنیا والدراہم شہید کرے اور اقرار کرے کہ میرے پیران عظام کافر ہیں اور اگر اس کلام صریح میں کوئی تاویل نکلتا ہے تو مولانا تھانوی کا کلام جو اس کلام سے بدرجہا اس افتراء سے دور ہے کیوں نہ اس تاویل کا محل ہوگا۔ اس کلام میں جناب شاہ حمزہ رحمۃ اللہ علیہ نے خوب ظاہر کر دیا کہ جناب مجدد عبد الدنیا گمراہ بیدین ہیں بلکہ جملہ جماعت مجددی بقول ان کے پیشوا کے گمراہ بیدین ہوچکی واللہ الحمد اور اس عبارت سے صاف طور سے تائید اہل حق و تقویت مذہب جناب مولانا تھانوی ہوگئی اب تو شاید مجدد بریلوی جناب شاہ صاحب مارہروی مرحوم کی قبر کھودنے اور ان کی مبارک ہڈیوں کی تعذیب کی فکر کریں گے۔

این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

علاوہ ازیں جناب بندۂ درہم و دینار کے دادا یعنی مولوی رضا علی خانصاحب ہدایۃ الاسلام مطبوعہ صبح صادق سیتاپور صفحہ ۳۰ میں فرماتے ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب بالواسطہ تھا یعنی بذریعہ وحی کے تعلیماً معلوم ہوتا تھا اور یہ علی قدر مراتب سب کو حاصل ہے اور علم غیب مطلق و بذات کا اعتقاد رکھنا مفضی الی الکفر ہے اور نص قطعی کے خلاف اسمیں تاویل اور ایر پھیر کرنا بیدین کا کام ہے الخ (از سیف النقی)

اب مجدد صاحب اپنے دادا صاحب کی بھی تکفیر کریں وہ بھی سب کو علم غیب بتاتے ہیں اور

صاحبو! اگر یہ کلام حضور علیہ السلام کے دشنام ہونے پر دال ہے اور توہین نبوی اس میں صراحۃً ہو رہی ہے تو مجدد صاحب کے دادا پیر حضرت شاہ حمزہ صاحب مغفور و مرحوم مارہروی اور مجدد صاحب کے دادا صاحب یعنی مولوی رضا علی خانصاحب بریلوی کا کلام تو اس سے بھی زیادہ تر صریح گالی اور توہین میں ہے معاذ اللہ وہ بھی کافر ہوئے، اور حسب بیان و تحریر مجدد صاحب ان دونوں کا کافر نہ کہنے والا بھی کافر ہوا۔ دیکھئے جناب شاہ حمزہ صاحب مارہروی مرحوم خزینۃ الاولیا مطبوعہ کانپور صفحہ پندرہ میں ارقام فرماتے ہیں وہ علم غیب صفت خاص ہے رب العزت کی جو عالم الغیب والشہادۃ ہے جو شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب کہے وہ بے دین ہے اسواسطے کہ آپ کو بذریعہ وحی کے امور مخفیہ کا علم ہوتا تھا جسے غیب کہنا گمراہی ہے اور جمیع مخلوقات نعوذ باللہ عالم الغیب ہے۔ انتہیٰ از سیف النقی.

حضرات اس عبارت سے صاف طور سے معلوم ہو گیا کہ مجدد صاحب کے دادا پیر صاحب کے قول پر نہایت وضاحت سے علم غیب میں جملہ مخلوقات دیو پری جن بھوت کیڑے کوڑے مجنون و پاگل گدھے یا کتے وغیرہ معاذ اللہ رسول مقبول علیہ السلام کے مساوی ہو گئے اب ان کو بھی حسام الحرمین سے یہ عبد الدنیا والدراہم شہید کرے اور اقرار کرے کہ میرے پیران عظام کافر ہیں اور اگر اس کلام صریح میں کوئی تاویل نکلتا ہے تو مولانا تھانوی کا کلام جو اس کلام سے بدرجہا اس افترا سے دور ہے کیوں نہ اس تاویل کا محل ہوگا۔ اس کلام میں جناب شاہ حمزہ رحمۃ اللہ علیہ نے خوب ظاہر کر دیا کہ جناب مجدد عبد الدنیا گمراہ بیدین ہیں بلکہ جملہ جماعت مجددی بقول ان کے پیشوا کے گمراہ بیدین ہو چکی واللہ الحمد اور اس عبارت سے صاف طور سے تائید اہل حق و تقویت مذہب جناب مولانا تھانوی ہو گئی اب تو شاید مجدد بریلوی جناب شاہ صاحب مارہروی مرحوم کی قبر کھودنے اور ان کی مبارک ہڈیوں کی تعذیب کی فکر کریں گے۔

این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

علاوہ ازیں جناب بندۂ درہم و دینار کے دادا یعنی مولوی رضا علی خانصاحب ہدایۃ الاسلام مطبوعہ صبح صادق سیتاپور صفحہ ۳۰ میں فرماتے ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب بالواسطہ تھا یعنی بذریعہ وحی کے تعلیماً معلوم ہوتا تھا اور یہ علی قدر مراتب سب کو حاصل ہے اور علم غیب مطلق و بذات کا اعتقاد رکھنا مفضی الی الکفر ہے اور نص قطعی کے خلاف اسمیں تاویل اور ایر پھیر کرنا بیدین کا کام ہے الخ (از سیف النقی)

اب مجدد صاحب اپنے دادا صاحب کی بھی تکفیر کریں وہ بھی سب کو علم غیب بتاتے ہیں اور

کم عقلی پر دلالت کرتا ہے اولاً میں کہہ چکا ہوں کہ اطلاق لفظ سے بحث ہے اتحاد معنی سے کوئی تعلق ہی نہیں اور اگر اس سے قطع نظر کیجاوے تو کس طرح ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص زید و عمرو و بکر میں قدرت کسی خلق کی ثابت کرے آپ کو علم کلام سے مس بھی نہیں معلوم ہوتا کسی طالب علم سے شرح مواقف ہی کی ابحاث پڑھ لی ہوتیں کیا قدرۃ خلق کسی فرد بشر میں یا کسی مخلوق میں متحقق ہے کیا مذہب علمائے سنت یہی ہے ہرگز نہیں ذرا ابحاث علم کلام کا ملاحظہ کیجئے اور اگر تسلیم بھی کیا جائے تو قدرت تامہ کے یہ معنی آپ سے کس نے بیان کئے کہ وہ واجبات ذاتیہ و ممکنات و ممتنعات ذاتیہ سب کے ساتھ متعلق ہو سکے یہ فقط آپ کے اجتہاد فکر کا نتیجہ ہے قدرت تامہ کے یہی معنی ہیں کہ جملہ ممکنات ذاتیہ سے جس کا تعلق تاثیر ہو سکتا ہو ہو اشاعرہ ہر دو تعلق صلوحی و فعلی کے قائل ہیں اور ماتریدیہ فقط تعلق صلوحی کے مدعی ہیں پس یہ جملہ تقاریر آپ کی محض لایعنی ہیں برائے خدا مدرسہ دیوبند یا سہارنپور کے کسی طالبعلم سے کوئی کتاب علم کلام میں پڑھ لیجئے تب گفتگو مسئلہ علمیہ میں کیجئے الحاصل یہ جملہ اعتراضات اس مجدد التضلیل عبد الدینار والدرہم کے عناد و افترا یا کج فہمی و کم عقلی پر مبنی ہیں جن پر اس کو اور اس کے متبعین کو ناز ہے اور اس حالت پر وہ کوس لمن الملک اور ہمچو من دیگرے نیست مثل دجال مار رہا ہے اور سلف صالحین و ائمہ معتبرین کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے، فسود وجهه فی الدارین واسکنه بحبوحة الدرکات الاسفل من النار مع اعداء سید الکونین علیه الصلوٰة والسلام۔ آمین یا رب العالمین۔

# ختم شد

اس کے بعد ہم کو اس قدر عرض کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بیان بالا سے بخوبی واضح ہو گیا ہے کہ جو کچھ دجال بریلوی نے ان اکابر کی طرف نسبت کیا ہے محض افترا اور بہتان بندی ہے یہ اکابر بالکل ان امور لایعنیہ اور مزخرفات خبیثہ سے پاک و صاف ہیں مجدد بریلوی نے محض طلب شہرت و طلب دینار و درہم و اغواء خلق کی وجہ سے یہ مکر و فریب کیا ہے لہذا جتنی تقریظات و تصدیقات علماء حرمین شریفین کی ہیں ہباءً منثوراً ہو گئیں کیونکہ ان سب کا ابتناء فقط ان حضرات کے ان اشیاء خبیثہ کے قائل ہونے پر تھا اور جب کہ وہ اس سے پاک ہوئے کوئی دھبہ ان کے دامن تقدس کو نہ لگ سکا اور اسی وجہ سے اکثر علماء نے اپنی اپنی تحریروں میں لکھ دیا ہے کہ اگر یہ اعتقاد اور قول ان لوگوں کا ہو تب ان پر حکم مذکور لگ سکتا ہے ورنہ نہیں البتہ یہ سب تقریظیں

واقوال مجدد بریلوی کے گردن کی ہار ہوجاویں گی اور قیامت کو ان سب کا بوجھ ان کی گردن پر ہوگا کیونکہ وہ حضرات علمائے حرمین بیچارے ناواقف ان اکابر کے احوال سے ہیں مجدد بریلوی نے ان کو دھوکہ دیکر تکفیر کرائی پس وہ سب ان کا دامن پکڑیں گے بلکہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی تک کی تکفیر بقول نبوی علیہ السلام عائد ہوتی ہے کہ نص صریح و حدیث صحیح میں موجود ہے کہ جس نے تکفیر یا لعنت کسی پر کی وہ دونوں میں سے ایک پر ضرور عائد ہوتی ہے اگر مستحق وہ شخص ہو تو اس پر ورنہ قائل پر لوٹ آتی ہے پس چونکہ حضرات اکابر دیوبند و سہارنپور اس سے بری تھے لہٰذا یہ سب تکفیریں اور لعنتیں بریلوی اور اس کے اتباع کی طرف لوٹ کر قبر میں ان کے واسطے عذاب اور بوقت خاتمہ ان کے لئے موجب خروج ایمان و ازالہ تصدیق و ایقان ہوں گی۔ اور قیامت میں ان کے جملہ متبعین کے واسطے اس کی موجب ہوں گی کہ ملائکہ حضور علیہ السلام سے کہیں گے انك لا تدري ما احدثوا بعدك اور رسول مقبول علیہ السلام دجال بریلوی اور ان کے اتباع کو سحقاً سحقاً فرما کر اپنے حوض مورود و شفاعت محمود سے کتوں سے بدتر کرکے دھتکار دیں گے اور امت مرحومہ کے اجر و ثواب و منازل و نعیم سے محروم کئے جاویں گے۔

سود الله وجوههم في الدارين وجعل قلوبهم قاسية فلا يؤمنوا حتى يروا العذاب الاليم آمين يا رب العالمين وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا ومولانا محمد خاتم النبيين وسيد المرسلين وعلى آله وصحبه اجمعين۔

رقمه ببنانه وقاله بلسانه افقر طلبة العلم الى عفو ربه الصمد عبده المدعو بحسين احمد غفر له ولوالديه ومشائخه مولانا الاحد الحنفي مذهباً والجشتي الصابري الرشيدي مشرباً والديوبندي اقامة والحسيني نسباً

## نقل والا نامہ عنبر شمامہ اعلحضرت مرشد العرب والعجم مولٰنا المحترم الحاج الحافظ امداد اللہ شاہ فاروقی مہاجر مکی قدس سرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

از فقیر امداد اللہ چشتی ۔ بخدمت محبان عموماً ۔ اندنون بعض خطوط ہندوستان سے اس فقیر کے پاس آئے اُسمین یہ تحریر تھا کہ مولوی رشید احمد صاحب کے ساتھ بعض لوگ سوء ظن رکھتے ہین کہ ہم مولویصاحب کو کیسا سمجھین لہذا فقیر کیجانب سے مشتہر کرا دو اور طبع کرا دو کہ مولوی رشید احمد صاحب عالم ربانی فاضل حقانی ہین سلف صالحین کا نمونہ ہین جامع بین الشریعۃ والطریقۃ ہین شب و روز خدا اور اُسکے رسول کی رضامندی مین مشغول رہتے ہین حدیث پڑھانے کا شغل رکھتے ہین مولانا مولوی محمد اسحاق صاحب کے بعد مین اس قسم کا فیض علم دین کا مولویصاحب سے جاری ہوا ہے ہندوستان مین مجع مولویصاحب ایک فرد واحد ہین مسائل مشکل کی عقدہ کشائی مولویصاحب سے ہوتی ہے ہر سال مین پچاس آدمی کے قریب علم حدیث پڑھکر انسے سند لیتے ہین اتباع سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین محو ہین محبت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم و عشق خداوندی مین مستغرق ہین حق گو ہین لا یخافون لومۃ لائم کے مصداق ہین خدا کے اوپر پورے طور سے توکل رکھتے ہین بدعات سے پورے طور سے مجتنب ہین اشاعۃ سنت انکا پیشہ ہے بد عقیدونکو خوش عقیدہ بنانا انکا حرفہ ہے انکی صحبت اہل اسلام کیواسطے کیمیا اور اکسیر اعظم ہے انکے پاس بیٹھنے سے اللہ یاد آتا ہے یہی اللہ والونکی علامت ہے متقی اور تارک الدنیا ہین راغب الی الآخرۃ ہین تصوف اور سلوک مین کامل ہین امیر غریب انکے نزدیک یکسان ہین سبکی طرف توجہ برابر ہے لا طمع ہین ۔ فقیر نے جو کچھ انکی ثنا مین ضیاء القلوب مین تحریر کیا ہے وہ حق ہے اور اب فقیر کا حسن ظن اور محبت بنسبت پہلے کے انکے ساتھ بہت زیادہ ہے فقیر انکو اپنے واسطے ذریعہ نجات کا سمجھتا ہے مین صاف کہتا ہون کہ جو شخص مولویصاحب کو برا کہتا ہے وہ میرا دل دکھاتا ہے میرے دو بازو ہین ایک مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم دوسرے مولوی رشید احمد صاحب ایک جو باقی ہے اسکو بھی نظر لگاتے ہین میرا اور مولویصاحب کا ایک عقیدہ ہے مین بھی بدعات کو برا کہتا ہون جو مولویصاحب کا امور دینیہ مین مخالف ہے وہ میرا مخالف ہے اور خدا و رسول کا مخالف ہے اور بعض جہلا جو کہدیتے ہین کہ شریعت اور ہے اور طریقت اور ہے محض انکی کم فہمی ہے طریقت بدون شریعت خدا کے گھر مقبول نہین صفائی قلب کفار کو بھی حاصل ہوجاتی ہے قلب کا حال مثل آئینہ کے ہے آئینہ زنگ آلودہ ہے تو پیشاب سے بھی صاف ہوجاتا ہے اور گلاب سے بھی صاف ہوجاتا ہے لیکن فرق نجاست اور طہارت کا ہے ولی اللہ کے پہچاننے کے واسطے اتباع سنت کسوٹی ہے جو متبع سنت ہے وہ اللہ کا دوست ہے اور اگر مبتدع ہے تو محض بیہودہ ہے خرق عادات تو دجال سے بھی بہت ہونگی خدا فرماتا ہے قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی جو رسول اللہ کا پیرو نہووے اور مروج بدعات ہو وہ خدا کا دوست نہین ہو سکتا اس فقیر سے جو اہل علم محبت رکھتے ہین یہ امر باعث اتباع سنت کے ہے کسیکی مخالفت سے مولویصاحب کا نقصان نہین ع آپ بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہین ۔ مولوی صاحب وہ شخص ہین کہ خواص کو چاہئے کہ

انکی صحبت سے مستفید ہون اور انکی صحبت کو خیر کثیر سمجھین اور مین یہ چاہتا ہون کہ مولویصاحب کی نسبت مجھے کوئی کلمہ بے ادبی کا نہ سناوے اور نہ تحریر کرے مجھکو ان امور سے سخت ایذا ہوتی ہے عجب بات ہے کہ میرے لخت جگر کو ایذا پہونچاوین اور اپنے آپکو میرا دوست سمجھین ہرگز نہین مولویصاحب پکے حنفی المذہب صوفی المشرب ہین باخدا ولی کامل ہین انکی زیارت کو غنیمت سمجھین والسلام ۔ محرر حاجی امداد اللہ مکہ معظمہ ۲ ذیقعدہ

امداد اللہ فاروقی